ہم کیا ہیں۔۔۔

غریب وال سیمنٹ لیمیٹڈ دسمبر 29، 1960 کو پبلک لیمیٹڈ کمپنی کے طور پر سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس رجسٹرڈ ہوئی ہے۔اسکے حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر شامل ہیں جہاں کمپنی کا سمبل **"GWLC"** ہے۔کمپنی لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی رکن ہے۔

ہم کیا کرتے ہیں۔۔۔

ہم سیمنٹ کی پیداوار اور فروخت کا کام کرتے ہیں۔ ہماری تیار کردہ سیمنٹ منگلہ ڈیم، قادر آباد بیراج، سلیمانکی بیراج اور اسطرح کے دوسرے قومی تعمیر کے منصوبوں میں استعمال ہو چکا ہے۔

ہمارے پیداواری پلانٹ۔۔۔

ہمارے پاس ایک جدید پیداواری پلانٹ ہے جو ایک دن میں **6700** ٹن کلنکر بنا سکتا ہے۔ پلانٹ کے **60%** اجزاء چینی ساخت کے ہیں جبکہ باقی **40%** اجزاء جیسے خام مل، کوئلہ مل، بجلی کے آلات اور پیکنگ پلانٹ یورپی ساخت کے ہیں جن کو دنیا بھر میں آزمایا جا چکا ہے۔ ہمارے پاس **38MW** کا اپنا بجلی گھر ہے۔اسکے علاوہ ہمارے پاس اعلیٰ معیار کا خام مال موجود ہے جو **200** سال کے لیے کافی ہے۔

13.5 کلومیٹر طویل جدید کنوئر بلٹ کے ذریعے خام مال کو کان سے نیچے پلانٹ میں لایا جاتا ہے جو اپنے آپریشن کے دوران **1.1MW** بجلی بھی پیدا کرتی ہے۔

ایک ویسٹ ہیٹ ریکوری پلانٹ ابھی ٹیسٹ مرحلے میں ہے۔ جو فضلہ گرم گیسوں سے **12MW** بجلی پیدا کریگا اور کوئلے سے چلنے والے سسٹم سے **8MW** بجلی پیدا کریگا۔

ہم نے ایک نئے پیداواری پلانٹ کے لیے **CITIL China** کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ یہ نیا پلانٹ روزانہ **8000** ٹن کلنکر پیدا کر سکے گا جسکے ساتھ ایک اضافی ویسٹ ہیٹ ریکوری پلانٹ بھی ہوگا۔اس منصوبے پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔اس منصوبے کی تکمیل کے بعد ہماری پیداواری صلاحیت بڑھ کر **14700** ٹن فی دن ہو جائے گی۔

ہم کہاں کام کرتے ہیں۔۔۔

کمپنی کا ہیڈ آفس **28 B/III**، گلبرگ **III** میں واقع ہے۔

ہمارا پلانٹ اسماعیل وال، تحصیل پنڈ دادن خان، ڈسٹرک چکوال، صوبہ پنجاب پاکستان میں واقع ہے۔

ہمارا پلانٹ ایک چھوٹے سے گاؤں چک مجاہد سے **12.5** کلومیٹر کی سڑک سے منسلک ہے۔ چک مجاہد گاؤں لِلّہ موٹر وے انٹر چینج سے **40** کلومیٹر اور جہلم شہر سے **62** کلومیٹر دوری پر ہے۔ پلانٹ بذریعہ جی ٹی روڈ لاہور شہر سے **280** کلومیٹر اور راولپنڈی شہر سے **200** کلومیٹر دوری پر واقع ہے۔